# 2. A DIALOGUE (ایک مکالمہ)

## Learning Outcomes: مقاصد تدریس

**After completing this lesson, the students will be able to:** سبق مکمل کرکے طلباء اس قابل ہوں گے کہ

- use and understand present perfect tense — فعل حال کا استعمال کرسکیں اور سمجھ سکیں
- use "has" and "have" — Has اور Have استعمال کرسکیں
- write a "note" of thanks — شکریے کا نوٹ لکھ سکیں
- make sentences — جملے بنا سکیں۔
- use adverbs — متعلق فعل استعمال کرسکیں
- demonstrate the use of collective noun — اسم جمع کا استعمال بتاسکیں

## Pre-reading: سبق پڑھنے سے پہلے

**Q. What is a dialogue?** مکالمہ کیا ہوتا ہے؟

Ans. It is face to face conversation of two persons. یہ دو اشخاص کی آمنے سامنے گفتگو ہوتی ہے۔

**Q. Can we solve a problem by discussion?** کیا ہم گفتگو سے مسئلہ حل کرسکتے ہیں؟

Ans. Yes, we can solve a problem by discussion. ہاں ہم گفتگو سے مسئلہ حل کرسکتے ہیں۔

**نوٹ:** اس سبق میں Present Perfect Tense کے جملے پائے جاتے ہیں۔ آیئے پہلے اس Tense کے اصول سیکھتے ہیں۔

### Present Perfect Tense فعل حال مکمل

1۔ اگر کسی کام کو مکمل ہوئے تھوڑی سی دیر ہوئی ہو اور کام مکمل ہونے کا وقت نہ دیا گیا ہو تو اس کو حال مکمل کہتے ہیں۔

2۔ پہچان: اردو فقرات کے آخر میں ''چکا ہے، چکی ہے، چکے ہیں، چکی ہیں'' یا ''یا ہے، ی ہے، ے ہیں'' وغیرہ آتا ہے

3۔ اس میں فعل کی تیسری حالت استعمال ہوتی ہے۔ 4۔ اس میں امدادی فعل Has یا Have استعمال ہوتا ہے۔

5۔ It, He, She یا واحد نام کے ساتھ Has باقی سب کے ساتھ Have استعمال ہوتا ہے۔

6۔ منفی بنانے کے لئے Has یا Have کے بعد Not استعمال کرتے ہیں۔

7۔ سوالیہ بنانے کے لئے Has یا Have فقرے کے شروع میں لگاتے ہیں اور آخر میں سوالیہ نشان لگاتے ہیں۔ مثلاً

1. He has taken tea. — وہ چائے پی چکا ہے۔
2. I have not taken tea. — میں نے چائے نہیں پی ہے۔
3. Has she made tea? — کیا وہ چائے بنا چکی ہے؟

***For the Teacher:***

- Enhance students' interest for the given topic with the help of pre-reading activity.
  قبل از مطالعہ سرگرمی کے ذریعے دیئے گئے موضوع پر طلباء کی دلچسپی بڑھائیں۔
- Help students understand the importance of discussion to solve a problem.
  مسئلہ حل کرنے کے لیے گفتگو کی اہمیت سمجھنے میں طلباء کی مدد کریں۔

**TEXT:**

| | |
|---|---|
| Qasim: As-salaam-o-Alaikum uncle. | قاسم: السلام علیکم! چچا جان |
| Uncle: Wa-Alaikumussalam! Where have you been, Qasim? We have met after a long time. | چچا جان: وعلیکم السلام! تم کہاں رہے ہو قاسم؟ ہم کافی عرصے بعد ملے ہیں۔ |
| Qasim: I have been to Saudi Arabia, Uncle, and I have just come back. | قاسم: میں سعودی عرب گیا ہوا تھا اور میں ابھی ابھی واپس آیا ہوں۔ |
| Uncle: Why did you go to Saudi Arabia? | انکل: تم سعودی عرب کیوں گئے تھے؟ |

## 2. A Dialogue

| | |
|---|---|
| **Qasim:** You know father is doing a job there and mother is there too. I went to see them **particularly** باخصوص mother because she was ill.<br>**Uncle:** I'm sorry to hear that. How is she now? | قاسم: آپ جانتے ہیں کہ ابو وہاں ملازمت کرتے ہیں اور امی بھی وہیں پر ہیں۔ میں انہیں خصوصاً امی جان کو ملنے گیا تھا کیونکہ وہ بیمار تھیں۔<br>انکل: سن کر افسوس ہوا۔ اب ان کا کیا حال ہے؟ |
| **Who was ill?**<br>**Ans.** Qasim's mother was ill. | کون بیمار تھا؟<br>قاسم کی ماں بیمار تھی۔ |

| Words | Pronunciation | | Synonyms | | Antonyms | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Just (adv) | /dʒʌst/ | جسٹ | on the spot | ابھی | later | بعدازاں |
| Know(v) | /nəʊ/ | نو | learn | جانتے ہیں | forget | بھولنا |
| Particularly(adv) | /pəˈtɪk.jʊ.lə.li/ | پرٹی کلرلی | specially | خصوصاً | generally | عموماً |
| Sorry(adj) | /ˈsɒr.i/ | سوری | worried | افسوس ہوا | pleased | خوش |

| | |
|---|---|
| **Qasim:** She is fine, uncle. Thank you! She has now fully **recovered** صحت یاب.<br>**Uncle:** Your school, I hear, has just reopened after vacation and I don't think you have missed much. I think with just a little extra effort you could easily make up your **deficiency** کمی in your studies. | قاسم: اب وہ ٹھیک ہیں چچا جان شکریہ۔ اب وہ مکمل طور پر صحت یاب ہو چکی ہیں۔<br>چچا جان: میں نے سنا ہے کہ چھٹیوں کے بعد تمھارا سکول دوبارہ ابھی کھلا ہے۔ اور میرا نہیں خیال کہ تم نے کچھ زیادہ ضائع کیا ہو۔ میرا خیال ہے کہ تھوڑی سی مزید کوشش سے آپ پڑھائی میں اپنی کمی پوری کر سکتے ہیں۔ |
| **How will Qasim cover the deficiency in studies?**<br>**Ans.** He will cover the deficiency in studies with just a little extra effort. | قاسم پڑھائی میں کمی کس طرح دور کرے گا۔<br>بس تھوڑی سی مزید کوشش سے وہ پڑھائی میں کمی دور کر لے گا۔ |

| Words | Pronunciation | | Synonyms | | Antonyms | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Fine(adj) | /faɪn/ | فائن | good | ٹھیک | bad | برا |
| Recover(v) | /rɪˈkʌv.ər/ | ریکور | healthy | صحت یاب ہونا | fall ill | بیمار ہونا |
| Reopen(v) | /ˌriːˈəʊ.pən/ | ری اوپن | open again | دوبارہ کھلنا | reclose | دوبارہ بند ہونا |
| Vacation(n) | /veɪˈkeɪ.ʃən/ | وی کیشن | respites | چھٹیاں | work | کام |
| Miss(v) | /mɪs/ | مس | lose | چھوڑ دینا، ضائع کرنا | gain | حاصل کرنا |
| Extra(adj) | /ˈek.strə/ | ایکسٹرا | additional | مزید | small | کم |
| Effort(n) | /ˈef.ət/ | ایفرٹ | struggle | کوشش | rest | آرام |
| Deficiency(n) | /dɪˈfɪʃ.ən.si/ | ڈیفی شینسی | lack | کمی | excess | زیادتی |

| | |
|---|---|
| **Qasim:** No,uncle,I have certainly <u>missed</u> چھوڑنا many important lessons and I know I'll have to work **pretty hard**. I'm glad I have already started doing so. I have started attending classes regularly and my brother has started helping me too.<br>**Uncle:** When are your exams starting Qasim?<br>**Qasim:** My exams are not too far. That's why I have come back from Saudi Arabia. I never wanted to miss my exams.<br>**Uncle:** How about your course in science? Have you finished it? | قاسم: نہیں چچا جان میں نے یقیناً بہت سے اہم اسباق ضائع کر دیئے ہیں اور مجھے معلوم ہے کہ مجھے کافی سخت محنت کرنا پڑے گی۔ میں خوش ہوں کہ میں نے پہلے ہی ایسا کرنا شروع کر دیا ہے۔ میں نے باقاعدگی سے کلاسز پڑھنا شروع کر دی ہیں اور میرے بھائی نے بھی میری مدد کرنا شروع کر دی ہے۔<br>چچا جان: قاسم تمہارے امتحانات کب ہیں؟<br>قاسم: میرے امتحانات زیادہ دور نہیں ہیں۔ میں امتحانات چھوڑنا نہیں چاہتا تھا اس لیے میں سعودی عرب سے واپس آ گیا۔<br>چچا جان: تمھارے سائنس کے کورس کا کیا حال ہے؟ کیا تم نے اسے ختم کر لیا ہے؟ |
| **Does Qasim want to miss the exams?**<br>**Ans.** No, Qasim does not want to miss the exams. | کیا قاسم امتحان چھوڑنا چاہتا ہے؟<br>نہیں قاسم امتحان نہیں چھوڑنا چاہتا ہے۔ |

| Words | Pronunciation | | Synonyms | | Antonyms | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Certainly(adv) | /ˈsɜː.tən.li/ | سرٹنلی | surely | یقیناً | doubtfully | شک سے |
| Important(adj) | /ɪmˈpɔː.tənt/ | امپورٹینٹ | sure | اہم | unimportant | غیر اہم |
| Pretty(adj) | /ˈprɪt.i/ | پریٹی | much | کافی | little | تھوڑا سا |
| Glad(adj) | /glæd/ | گلیڈ | pleased | خوش | sad | غمزدہ |
| Already(adv) | /ɔːlˈred.i/ | آل ریڈی | before time | پہلے ہی | later on | بعد میں |
| Attend(v) | /əˈtend/ | اٹینڈ | go | کلاس پڑھنا | | |
| Regularly(adv) | /ˈreg.jʊ.lə.li/ | ریگولرلی | punctually | باقاعدگی سے | irregularly | بےقاعدگی سے |
| Finish(v) | /ˈfɪn.ɪʃ/ | فنش | complete | ختم کرنا | unfinish,undone | نامکمل، ادھورا |

| | |
|---|---|
| **Qasim:** We have nearly finished our science course. Only a few chapters are left. I'm not worried so much about science. My real worry is that I have missed a number of lessons in English and Maths. I find these two subjects rather tough and they are important too. But I'm glad that my brother has started helping me out in these subjects. My brother is a teacher, you know, and he has taught these subjects for a number of years. | قاسم: ہم نے سائنس کا کورس تقریباً ختم کرلیا ہے۔ صرف چند ایک اسباق باقی رہتے ہیں۔ میں سائنس کے بارے میں زیادہ پریشان نہیں ہوں۔ میری اصل پریشانی یہ ہے کہ میں نے انگریزی اور ریاضی کے بہت سے اسباق ضائع گئے ہیں۔ یہ دو مضامین مجھے قدرے مشکل لگتے ہیں اور وہ اہم بھی ہیں۔ لیکن میں خوش ہوں کہ میرے بھائی نے ان مضامین میں میری مدد کرنا شروع کر دی ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ میرے بھائی استاد ہیں اور انہوں نے کئی سال سے یہ مضامین پڑھائے ہیں۔ |
| **Who was helping Qasim in his studies?**<br>Ans. Qasim's brother was helping him in his studies. | پڑھائی میں کون قاسم کی مدد کر رہا تھا؟<br>پڑھائی میں قاسم کا بھائی اس کی مدد کر رہا تھا۔ |

| Words | Pronunciation | | Synonyms | | Antonyms | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Nearly(adv) | /ˈnɪə.li/ | نے ارلی | approx | تقریباً | generally | عموماً |
| Worried(adj) | /ˈwʌr.id/ | وری ڈ | upset | پریشان | happy | خوش |
| Real(adj) | /rɪəl/ | رے ال | actual | حقیقی، اصل | unreal | غیر حقیقی |
| Miss(v) | /mɪs/ | مس | lose | ضائع کرنا | cover | مکمل کرنا |
| Rather(adv) | /ˈrɑː.ðər/ | راور | somewhat | قدرے | fully | مکمل طور پر |
| Tough(adj) | /tʌf/ | ٹف | difficult | مشکل | easy | آسان |
| Glad(adj) | /glæd/ | گلیڈ | happy | خوش | sad | غمزدہ |

| | |
|---|---|
| **Uncle:** That's good. I'm glad خوش to know that your brother has thought it fit to help you immediately فوراً. I know, he is a good teacher. What do you plan to do after your Matriculation exams?<br>**Qasim:** I have decided to go in for medicine if I get a good position. If, however, I don't get good marks, I may go into business or agriculture زراعت. | انکل: بہت اچھا۔ مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی ہے کہ تمھارے بھائی نے فوری طور پر تمہاری مدد کرنا مناسب سمجھا ہے۔ میں جانتا ہوں کہ وہ ایک اچھا استاد ہے۔ میٹرک کے امتحانات کے بعد تمہارا کیا کرنے کا منصوبہ ہے؟<br>قاسم: میں نے علم الادویات سیکھنے کا ارادہ کیا ہے لیکن یہ اس بات پر منحصر ہے اگر میں اچھی پوزیشن حاصل کرلوں۔ تاہم اگر میں اچھے نمبر حاصل نہیں کرتا تو میں زراعت یا کاروبار میں جاسکتا ہوں۔ |
| **Which profession is Qasim planning to adopt in future?**<br>Ans. He plans to go into medicine if he gets good position, otherwise business or agriculture. | مستقبل میں قاسم کونسا پیشہ اختیار کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہے؟<br>اگر اچھی پوزیشن بن جائے تو شعبہ ادویات میں ورنہ تجارت یا زراعت میں جانے کا منصوبہ رکھتا ہے۔ |

## 2. A Dialogue

| Words | Pronunciation | | Synonyms | | Antonyms | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Glad(adj) | /glæd/ | گلیڈ | happy | خوش | sad | غمزدہ |
| Thought(v) | /θɔ:t/ | تھاٹ | meditated | سوچا، سمجھا | worked | کام کیا |
| Fit(adj) | /fɪt/ | فٹ | positive | مناسب | unfit | غیر موزوں |
| Immediately(adj) | /ɪ'mi::di.ət.li/ | امی جی ایٹلی | at once | فوراً | lately | بعد میں |
| Plan(v) | /plæn/ | پلان | think | منصوبہ بنانا | avoid | بچنا |
| Depend(v) | /dɪ'pend/ | ڈی پینڈ | lie | انحصار کرنا، منحصر ہونا | | |
| Decide(v) | /dɪ'saɪd/ | ڈیسائیڈ | finalize | فیصلہ کرنا | start | شروع کرنا |
| However(conj) | /ˌhaʊ'ev.ər/ | ہاایور | nevertheless | تاہم | | |
| Go in for(v) | /gəʊ ɪn fɔ:r/ | گوان فار | join | شروع کرنا | leave | چھوڑنا |
| Medicine(n) | /'med.ɪ.sən/ | میڈیسن | drugs | ادویات | | |
| Position(n) | /pə'zɪʃ.ən/ | پوزیشن | grade | مقام | | |
| Go into(v) | /gəʊ ɪntu:/ | گوان ٹو | start, join | شامل ہونا، شروع کرنا | | |
| Business(n) | /'bɪz.nɪs/ | بزنس | trade | کاروبار | | |
| Agriculture(n) | /'æg.rɪ.kʌl.tʃər/ | ایگریکلچر | cultivation,farming | زراعت | | |

| | |
|---|---|
| **Uncle:** Whatever your plans for life are, Qasim, your English <u>has to be good</u>اچھی ہونی چاہیے. We should know that English has become an international language and the language of science and technology. | چچا جان: قاسم تمہارے مستقبل کے منصوبے جو بھی ہوں تمہاری انگریزی اچھی ہونی چاہیے۔ ہمیں معلوم ہونا چاہئے کہ انگریزی بین الاقوامی زبان اور سائنس اور ٹیکنالوجی کی زبان بن چکی ہے۔ |
| **Qasim:** You are very right, uncle, I'll keep that in mind. My school van has come and I must go now. Allah Hafiz! | قاسم: چچا جان آپ بہت حق بجانب ہیں۔ میں یہ بات ذہن میں رکھوں گا۔ میری سکول کی گاڑی آ گئی ہے اور اب مجھے جانا چاہئے۔ اللہ حافظ! |
| **Umcle:** Allah Hafiz! | چچا جان: اللہ حافظ! |

| Words | Pronunciation | | Synonyms | | Antonyms | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Whatever | /wɒt'ev.ər/ | وٹ ایور | at all | جو کچھ | nothing | کچھ نہیں |
| Plan(n) | /plæn/ | پلین | target | منصوبہ | improvise | بغیر سوچے سمجھے |
| International | /ˌɪn.tə'næʃ.ən.əl/ | انٹرنیشنل | of all nations | بین الاقوامی | local,native | مقامی |
| Language(n) | /'læŋ.gwɪdʒ/ | لینگویج | tongue | زبان | | |
| Technology(n) | /tek'nɒl.ə.dʒi/ | ٹیکنالوجی | scientific discoveries | ٹیکنالوجی | | |
| Right(adj) | /raɪt/ | رائٹ | correct | حق بجانب | wrong | غلطی پر |
| Keep in mind | /ki:p in maɪnd/ | کی پ ان مائنڈ | inculcate | ذہن میں رکھنا | forget | بھول جانا |

**GLOSSARY:** فرہنگ

| | | |
|---|---|---|
| **deficiency:** | کمی | lacking something, shortcomings |
| **has thought it fit:** | مناسب سمجھتا ہے | has thought it proper |
| **go in for:** | شامل ہونا | Choose something as one's career |
| **particularly:** | **خاص طور پر** | **especially** |
| **recovered:** | صحت یاب ہونا | to get back one's health |
| **extra:** | زیادہ | more than or beyond what is usual |
| **finish:** | ختم کرنا | to come to an end |

**For the Teacher:**
- Familiarize the students with the importance of English language to enhance the interest of the children for learning English language. انگلش زبان سیکھنے کے لیے بچوں میں دلچسپی بڑھانے کے لیے طلباء کو انگریزی زبان کی اہمیت سے آگاہ کریں۔
- Conduct a dialogue in the classroom by giving different topics to the students.
طلباء کو مختلف موضوعات دیگر کلاس روم میں ایک مکالمہ منعقد کرائیں۔

# ACTIVITIES (سرگرمیاں)

**A) Answer these questions.** ان سوالوں کے جواب دیں۔

**i. Why did Qasim go to Saudi Arabia?** قاسم سعودی عرب کیوں گیا؟

**Ans.** Qasim went to Saudi Arabia to see his parents especially his mother who was ill.
قاسم اپنے والدین خاص طور پر اپنی بیمار ماں کو ملنے سعودی عرب گیا۔

**ii. Why did Qasim come back from Saudi Arabia?** وہ سعودی عرب سے کس لئے واپس آیا؟

**Ans.** He came back from Saudi Arabia because his exams were near and he had to attend his classes.
وہ سعودی عرب سے واپس آ گیا کیونکہ اس کے امتحانات قریب تھے اور اس نے کلاسیں پڑھنا تھیں۔

**iii. What two subjects does Qasim find tough?** قاسم کو کون سے دو مضامین مشکل لگتے ہیں؟

**Ans.** Qasim finds English and Math rather tough.
قاسم کو انگلش اور ریاضی مشکل لگتے ہیں۔

**iv. What has Qasim decided to do after his studies?** پڑھائی کے بعد قاسم نے کیا کرنے کا فیصلہ کیا ہے؟

**Ans.** Qasim has decided to go in for medicine if he gets good position in Exams. If he does not get good marks, he will go into business or agriculture.
قاسم نے طب میں جانے کا فیصلہ کیا ہے اگر امتحان میں اس کی اچھی پوزیشن آ جائے۔ اگر اچھے نمبر نہیں آتے تو وہ کوئی کاروبار کرے گا یا زراعت اختیار کرے گا۔

**v. Why does Qasim's uncle think that our English has to be good?**
قاسم کے ماموں کیوں سوچتے ہیں کہ ہماری انگلش اچھی ہونی چاہیے؟

**Ans.** English has become an international language and the language of science and technology. Therefore our English must be good.
انگلش بین الاقوامی زبان اور ٹیکنالوجی کی زبان بن چکی ہے۔ اس لئے ہماری انگلش اچھی ہونی چاہیے۔

**B. Note of thanks: Note of thanks includes date, proper salutation, body, closing and signature.**
**شکریے کی تحریر:** شکریے کی تحریر میں تاریخ، مناسب سلام، باڈی، اختتام اور دستخط شامل ہوتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| **Dear Ahmad,**<br>How thoughtful you to think of me on my birthday. I truly appreciate the watch you gave and want you to know that every time I wear it, I will think of you.<br>Thank you so much for your kind gift.<br>Yours sincerely,<br>Ali Muhammad.<br>Dated: 14-01-17 | **پیارے احمد**<br>آپ کتنے سوچ بچار والے ہیں کہ آپ نے میری سالگرہ پر میرے بارے میں سوچا۔ جو گھڑی آپ نے دی ہے میں واقعی پسند کرتا ہوں اور آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ جب بھی میں اسے پہنوں گا، میں آپ کے بارے میں سوچوں گا۔<br>تحفے پر آپ کا بہت بہت شکریہ۔<br>آپ کا مخلص<br>علی محمد مورخہ: 14-01-17 |

One of Qasim's friends prepared notes for him in the subjects of Maths and English while Qasim was on leave. Qasim should write a note of thanks to him. Help Qasim in writing a note of thanks.
جب قاسم چھٹی پر تھا تو اس کے ایک دوست نے اس کے لیے ریاضی اور انگریزی کے نوٹس تیار کیے تھے۔ قاسم کو چاہیے کہ اسے شکریے کی تحریر لکھے۔ شکریے کی تحریر لکھنے میں قاسم کی مدد کریں۔

**For the Teacher:**
- Help students understand 'a note of thanks' and also tell them how to write it.
شکریے کی تحریر سمجھنے میں طلباء کی مدد کریں اور ان کو یہ لکھنا بھی سکھائیں۔
- Give them more situations for writing 'a note of thanks'. شکریے کی تحریر لکھنے کے لیے ان کے لیے مزید صورت حال پیدا کریں۔

**2. A Dialogue**

C) Provide the correct tense in the blanks using the verb given within brackets with have or has یا has کے ساتھ فعل کو استعمال کرتے ہوئے درست زمانہ خالی جگہ پر کریں۔

**Example:** They ___ from England by plane just now. (arrive, arrived, arrived)

They have arrived from England by plane just now.

1. We__ an exciting footbal match today. (watch.) — ایک دلچسپ فٹبال میچ دیکھا۔
2. The clock__ five. (strike) — گھڑی نے پانچ بجا دیے ہیں۔
3. The gardener____the lawn after a long time today. (mow) — مالی نے آج کافی عرصے بعد لان کی گھاس کاٹی۔
4. __ you ever __ in the river? (swim, swam, swum) — کیا تم کبھی دریا میں تیرے ہو؟
5. This milk __ sour. We can't drink it. (go) — یہ دودھ خراب ہو گیا ہے۔ ہم اسے پی نہیں سکتے۔
6. The butcher____a cow for the meat. (slaughter) — قصائی نے گوشت کے لیے گائے ذبح کی ہے۔
7. He __ two books this year. (publish) — اس نے اس سال دو کتابیں شائع کی ہیں۔
8. I__not__Zahid since he was fourteen.(see) — چودہ سال کا ہونے کے بعد میں نے زاہد کو نہیں دیکھا ہے۔
9. We____ the match. (win)
10. Nosheen __ her knitting and is now going to read a story book. (finish) — نوشین نے بنائی ختم کر لی ہے اور اب کہانی کی کتاب پڑھنے والی ہے۔

**Answers:** 1-have watched, 2-has struck, 3-has mowed, 4-Have, swum, 5-has gone, 6-has slaughtered, 7-has published, 8-have not seen, 9-have won, 10-has finished

(سوال نمبر 3,1 میں فعل کا وقت دیا گیا ہے اس میں Have, Has نہیں لگ سکتا۔ ٹیکسٹ بک میں غلطی ہے۔ اس میں صرف فعل کی دوسری حالت لگ سکتی ہے۔)

**D. Collective Noun:** اسم جمع

a. A crowd is a lot of men, women and children. — ہجوم بہت سے مرد، عورتیں، اور بچے ہوتے ہیں۔
b. Cutlery is a lot of knives, forks and spoons. — کٹلری بہت سے چاقو، چھری کانٹے اور چمچ ہوتے ہیں۔

**Read Me First**

## KINDS OF NOUN (اسم کی اقسام)

Nouns are of five kinds: — Noun کی پانچ اقسام ہوتی ہیں۔

i. Proper Noun (اسم معرفہ) ii. Common Noun (اسم نکرہ) iii. Collective Noun (اسم جمع)
iv. Material Noun (اسم مادہ) v. Abstract noun (اسم مجردہ)

**1. Proper Noun** (اسم معرفہ):- It is the name of a particular person, place thing or idea.

The Holy Quran, Multan, Asia, Anwar, Suzuki — یہ کسی خاص شخص، خاص جگہ، خاص چیز یا خیال کا نام ہے۔ مثلاً

**Note:** First letter of proper noun is always capital. — اسم معرفہ کا پہلا حرف ہمیشہ Capital لکھا جاتا ہے۔

**2. Common Noun** (اسم نکرہ):- A word which denotes a common preson, place thing or idea.

Village, boy, car, country, city, deer, sheep, flower, etc. — یہ کسی عام شخص، جگہ، چیز یا خیال کو ظاہر کرے۔

Village سے مراد کوئی بھی Village ہے اور Boy سے مراد کوئی بھی Boy ہے۔ مثلاً

**3. Collective Noun** (اسم جمع):- It is name of group taken as a unit. — یہ ایک گروپ کا نام ہے جسے اکائی شمار کیا جائے۔ مثلاً

Nation, army, team, class, committee, jury, party, flock, library, fleet, people, crowd, cutlery etc.

i. Pakistanis are a proud nation. ii. The jury found him guilty.

**4. Material Noun or Concrete Noun** (اسم مادہ):-It is the name of matter of which other things are made.

Silver, iron, wood, flour, milk, plastic, etc. — یہ ایسے مادے کا نام جس سے دوسری اشیاء بنتی ہوں۔ مثلاً

**5. Abstract Noun** (اسم مجردہ):- The name of quality, action or state of a noun. — کسی خوبی، عمل یا حالت کا نام

Foolishness(بیوقوفی), wisdom(عقلمندی), honesty(دیانتداری), pleasure(خوشی), joy(خوشی), pain(درد), sorrow(غم), love(محبت), death(موت), beauty(حسن), laughter(ہنسی), youth(جوانی), childhood(بچپن), advice(نصیحت), information (خبر), work(کام), business(کاروبار).

**Now give three examples for each of these in the same way.** اب اسی طرح ہر ایک کی مثالیں دیں۔

1. Clothes are a lot of shirts, coats and trousers.
2. Furniture is a lot of chairs, tables and sofas.
3. Poultry are a lot of cocks, hens and chickens.
4. Cattle are a lot of goats, sheep and cows.
5. Stationery is a lot of papers, pencils and pens.

## E. Adverb (متعلق فعل)

An adverb is often used to modify a verb, adjective or another adverb.

متعلق فعل کسی فعل، اسم صفت یا کسی اور متعلق کی وضاحت کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

> *For the Teacher:*
> - Help students learn more words used for the combination of things or people, etc.
>
> چیزوں یا لوگوں کے امتزاج والے الفاظ سیکھنے اور استعمال کرنے میں طلباء کی مدد کریں۔
> - Make them familiarize with hyphen by giving them examples. دے کر انہیں Hyphen سے آگاہ کریں۔

**Examples:** 1. He can run **quickly**. 2. She writes **neatly**.

**Let's learn about some adverbs.** آیئے کچھ متعلق افعال کے بارے میں سیکھیں۔

**(a) Adverbs of Manner: They tell us the way people do things.** یہ کام کا انداز بتاتے ہیں۔

Examples: 1. He has arrived **safely**. 2. The soldier fought **bravely**.

**(b) Adverbs of Time: They tell us about the time when the action took place.** یہ کام کا وقت بتاتے ہیں۔

**Examples:** 1. May I do my work **later**? 2. Ahmad has **just** arrived.

**(c) Adverbs of Place: They tell us about the place, where the action was taken.** یہ کام کا مقام بتاتے ہیں۔

**Examples:** 1. He is **here** for the holiday. 2. It's raining, let's go **inside**.

**Activity-1: Change the following adjectives to adverb.**

1. strong : **strongly** 2. brave : **bravely** 3. soft: **softly**
4. quiet : **quietly** 5. slow : **slowly**

**Activity-2:Underline the adverbs in the following sentences.** درج ذیل جملوں میں متعلق فعل خط کشیدہ کریں۔

1. Ahmad, you can stay outside.
2. Come here.
3. The sun is shining brightly.
4. The old man is walking slowly.
5. Sana arrived late.
6. It rained heavily last night.
7. Please put the cups there.

**From these sentences, pick out the adverbs of time, place and manner and write them in the right columns.** ان جملوں میں سے وقت، مقام اور انداز والے متعلق افعال منتخب کر کے درست کالم میں لکھیں۔

| Adverb of manner | Adverb of place | Adverb of time |
|---|---|---|
| brightly<br>slowly<br>heavily | outside<br>here<br>there | late<br>last night |

**Activity:**

**Pick out at least five adverbs from the lesson and make sentences from them.** سبق میں سے کم از کم پانچ متعلق افعال چنیں اور ان سے جملے بنائیں۔

## 2. A Dialogue

| | | | |
|---|---|---|---|
| Just | ابھی ابھی | I have <u>just</u> come back. | میں ابھی ابھی واپس آیا ہوں۔ |
| There | وہاں | I went <u>there</u> to meet him. | اس سے ملنے کے لیے میں وہاں گیا۔ |
| Fully | مکمل طور پر | He is <u>fully</u> recovered now. | اب وہ مکمل طور پر صحت یاب ہے۔ |
| Certainly | یقینا | We shall <u>certainly</u> win the match | ہم یقیناً میچ جیت لیں گے۔ |
| Already | پہلے ہی | I have <u>already</u> learnt my lesson. | میں نے پہلے ہی اپنا سبق یاد کر لیا ہے۔ |
| Regularly | باقاعدگی سے | I attend classes <u>regularly</u>. | میں باقاعدگی سے کلاسیں پڑھتا ہوں۔ |
| When | کب | <u>When</u> is your test? | آپ کا ٹیسٹ کب ہے؟ |
| Nearly | تقریباً | I have <u>nearly</u> finished this book. | میں نے تقریباً یہ کتاب ختم کر لی ہے۔ |
| Rather | قدرے | English is <u>rather</u> tough. | انگلش قدرے مشکل ہے۔ |
| Immediately | فوری | Come here <u>immediately</u>. | فوری طور پر یہاں آؤ۔ |

**F. What word is used for** کون سا لفظ کس کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

**Example:** One who speaks: speaker

1. One who teaches? <u>teacher</u>
2. One who buys? <u>customer</u>
3. One who sells? <u>shopkeeper</u>
4. One who acts? <u>actor</u>
5. One who plays? <u>player</u>
6. One who operates? <u>operator</u>
7. One who sings? <u>singer</u>
8. One who writes? <u>writer</u>
9. One who challenges? <u>challenger</u>
10. One who reads? <u>reader</u>
11. One who lies? <u>liar</u>

> ***For the Teacher:***
> - Help students learn adverbs properly by giving them more examples.
> مزید مثالیں دے کر مناسب طریقہ سے متعلق افعال سیکھنے میں طلباء کی مدد کریں۔
> - Introduce them to some more professions.
> انہیں کچھ مزید پیشوں کا تعارف کرائیں۔

**G. Change the narration of the following:**

**1. Qasim said," I have just come back from Saudi Arabia."**

**Ans.** Qasim said that he had just come back from Saudi Arabia.

**2. Uncle told me that he was going to Islamabad.**

**Ans.** Uncle said to me, "I am going to Islamabad."

**3. Qasim says," I am happy that my brother has started helping me."**

**Ans.** Qasim says that he is happy that his brother has started helping him.

**4. Uncle said," How is your mother now?"**

**Ans.** Uncle asked how his mother was then.

**5. Qasim says, "She is fine now."**

**Ans.** Qasim says that she is fine now.

> ***For the Teacher:***
> - Help students change the narration and make them proficient by giving them more examples.
> Narration تبدیل کرنے میں طلباء کی مدد کریں اور مزید مثالیں دے کر انہیں ماہر بنائیں۔